عزیز والدین، سرپرست یانگہداشت کرنے والے:

بحوالہ: گریڈ 4 تا 6 میں طلباء، والدین/سرپرستوں/نگہداشت اوراسکول کے عملہ کی اسکول کے ماحول کے بارے میں رائے لینے کیلئے سروے۔

ڈرانے دھمکانے کی روک تھام اور اسکول میں مثبت ماحول اُجاگر کرنے کیلئےٹورنٹو ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ (Toronto District School Board) (TDSB) کی کوششوں کے حصّہ کے طور پر، TDSB اسکول کے ماحول کے بارے میں رائے لینے کیلئے ہر دوسال میں کم از کم ایک بار طلباء، والدین /سرپرست/نگہداشت کرنے والوں کےلئے آن لائن سروے کا اہتمام کرے گا۔

اِس سال موسم بہار میں (مارچ سے جون 2014) گریڈ 4 سے 6 تک کے ایلیمنٹری سکول کے طلباء، اوراُن کے والدین/سرپرست/نگہداشت کرنے والوں کو اسکول کے ماحول کے بارے میں سروے فارم مکمل کرنے کی دعوت دی جائے گی۔ سروے میں تحفظ، تعلیم اور سیکھنے میں تعاون، آپس کے تعلقات ، اسکول کے ماحول اور طلباء کے پس منظر کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔ سروے کے نتائج اسکولوں اور TDSB کو اسکولوں میں مثبت ماحول کی پرورش اور ڈرانے دھمکانے کی روک تھام کے طریقے تلاش کرنےمیں مدد دیں گے۔ سروے کے بارے میں مزید جاننے کیلئے برائے مہربانی ہماری ویب سائٹ http://www.tdsb.on.ca/elementaryschool/caringsafeschools/schoolclimatesurvey.aspx پر جائیں۔

اسکول کےماحول کے بارے میں سروے رضاکارانہ اور گمنام طریقہ سے ہوتا ہے؛ ہم شناخت متعین کرنے والی معلومات جیسے کہ آپ کا نام ، IP پتہ، یا بچے کا نام یا سٹوڈنٹ آئی ڈی(ID) وغیرہ نہیں جمع کریں گے۔ سروے میں مکمل کردہ تمام جوابات TDSB کے ریسرچ ڈیپارٹمنٹ کو مزید کاروائی کیلئے بلاواسطہ بھیجے جائیں گے۔ یہ معلومات صرف ریسرچ اورمنصوبہ بندی کیلئے استعمال کی جائیں گی۔ اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکنہ کوشش کی جائےگی کہ اسکول میں سروے کے انفرادی ردّعمل کا کسی کو علم نہ ہونے پائے۔ تمام نتائج کا اظہار مجموعی طور پر ہوگا اور اس طریقے سے پیش کئے جائیں گے کہ تمام شامل ہونے والوں کی رازداری کا تحفظ ہو۔

طلباء کا سروے:
گریڈ 4 سے 6 تک کے تمام طلباء کو اسکول میں ہی آن لائن سروے مکمل کرنے کیلئے کہا جائے گا۔ سروے مکمل کرنے میں تقریباً 20 منٹ لگتے ہیں۔ اگر ضرورت ہوتوسروے کے کچھ ترجمے دستیاب ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کی سروے میں شمولیت کی حوصلہ افزائی کریں، تا کہ اسکول کے ماحول اور اسکول میں ڈرانےدھمکانے/ ایذادہی کے واقعات کی روک تھام میں ترقی کے پروگراموں پر عملدرآمد اور منصوبہ بندی کیلئے ہمارے پاس کافی معلومات ہوں۔ اگر آپ یہ فیصلہ کریں کہ آپ کا بچہ سروے میں شامل **نہ** ہو تو برائے مہربانی اس فارم کے نچلے حصہ کو مکمل کر کے اپنے بچے کے اُستاد کو **insert return date** تک واپس کردیں۔

ہمارا اسکول **insert start date** سے **insert end date** تک طلباء کے سروے فارم کا انتظام کرے گا۔

والدین/سرپرست/نگہداشت کرنے والوں کا سروے :
insert school name اسکول کے تمام والدین/سرپرست/نگہداشت کرنے والوں کو وزارت تعلیم کا سروے برائے والدین اور سرپرست متعلقہ(Ministry of Education's *Survey for Parents and Guardians About*) : مساوات اور تعلیم میں شمولیت اور ڈرانے دھمکانے/ایذادہی *(Equity and Inclusive Education, and Bullying/Harassment)* کومکمل کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔
والدین کا سروے www.schoolclimate.ca پربھی موجود ہے۔ اِس سروے تک رسائی کرنے کیلئے آپ کو ہمارے اسکول کا مندرجہ ذیل خصوصی کوڈ داخل کرنے کی ضرورت ہوگی: **insert school code** - والدین کے سروے کے فارم کی نقل بھی 22 زبانوں میں موجود ہے، جسے آپ ہمارے اسکول کے مرکزی دفتر سے حاصل کرسکتے ہیں۔

ہم آپ کے تعاون کے شکرگزار ہیں!

insert Principal's name
پرنسپل

insert school name

آپ کی طرف سے مہیاکردہ معلومات ایجوکیشن ایکٹ سیکشن(Education Act,Section) ,[6](1) 170 کے تحت جمع کی جاتی ہیں اور صرف ٹورنٹو ڈسٹرکٹ سکول بورڈ (Toronto District School Board) کے تعلیمی مقاصد کیلئے استعمال کی جاتی ہیں۔ اگر آپ کا اِس سلسلہ میں کوئی سوال ہے تو برائے مہربانی اکیڈ مک ریسرچ انفارمیشن سروسز (Academic, Research and Information Services) کو فون نمبر: 4929-394-416 یا ای میل: research@tdsb.on.ca پر رابطہ کریں۔

اِس حصہ کو صرف اُس صورت میں مکمل کریں **اگر آپ کا بچہ گریڈ 4 سے 6 میں ہے اور آپ نے فیصلہ کیا ہے** کہ آپ کا بچہ طلبہ کے اسکول کے ماحول کے سروے میں شامل **نہیں** ہوگا۔

میں **نہیں** چاہتا/چاہتی کہ میرا بچہ/ بچی، _____ جواِس _____ اسکول میں گریڈ _____ میں پڑھتا/ پڑھتی ہے TDSB طلباء کے ماحول کے سروے میں حصّہ لے، جو گریڈ 4 سے 6 کیلئے ہے۔

والدین/سرپرست/نگہداشت کا نام:_____

دستخط: _____

تاریخ: _____

برائے مہربانی اِس حصّہ کو پھاڑ / کاٹ کر اپنے بچے / بچی کے اُستاد کو واپس کردیں ۔